سوال

زم زم کو چائے یا سالن وغیرہ میں استعمال کرنے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا زم زم کو چائے یا کھانا پکانے میں استعمال کیا جاسکتا ہے یا نہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

زم زم دنیا کا سب سے افضل واشرف پانی ہے ،جسے اللہ تعالی نے انسان کی پیاس اور بھوک مٹانے کے لئے پیدا فرمایا ہے۔اسے ہر اس جگہ پر استعمال کیا جاسکتا ہے جہاں اس کا تقدس پامال نہ ہو۔چنانچہ اس سے وضو کیا جاسکتا ہے ،اسے چائے اور کھانا پکانے میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔کیونکہ یہ بھوکوں کے لئے کھانا اور پیاسوں کے لئے پانی ہے۔لہذا اگر کھانے کو پکایا جاسکتا ہے تو زم زم کو بھی پکایا جاسکتا ہے۔لیکن

غسل جنابت یا استنجاء کرنا ناپسندیدہ عمل ہے،اور اس کی فضیلت کے خلاف ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ